پریس ریلیز

گوجرانوالہ یکم اگست 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب نے وفد کے ہمراہ سی پی او گوجرانوالہ رانا ایاز سلیم سے اہم ملاقات کی۔ جبکہ وفد میں سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل، سابق صدور شیخ محمد نسیم، اخلاق احمد بٹ، رانا شہزاد حفیظ، نعمان صلاح الدین، رکن چیمبر علی ہمایوں بٹ شامل تھے۔ وفد کی قیادت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس وقت ملکی معاشی صورتحال مکمل طور پر گوں مگوں کا شکار ہو چکی ہے کاروباری حالات دن بدن ابتر ہوتے جا رہے ہیں مشکل ترین حالات میں جو انڈسٹری مالکان سروائیو کر رہے ہیں وہ صرف مزدوروں کے روزگار بچانے اور ان کے گھروں کے چولہے جلتے رہنے کی پالیسی پر فیکٹریاں چلا رہے ہیں۔ ان حالات میں محکموں کا عدم تعاون بزنس کمیونٹی کی مشکلات میں مزید اضافہ کا سبب بنتا ہے۔

سی پی او گوجرانوالہ رانا ایاز سلیم نے وفد کا خیر مقدم کیا اور چیمبر وفد سے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ ملکی کاروباری حضرات انتہائی کٹھن مراحل سے گزر رہے ہیں۔ موجودہ کاروباری حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام وہ ادارے جو انڈسٹری اور ٹریڈ سے وابستہ ہیں انہیں کاروباری افراد کیساتھ مکمل تعاون کرنا چاہیئے۔ اگر کسی محکمہ کو کسی بھی صنعت سے کوئی مسئلہ درپیش ہے تو فوری کاروائی کی بجائے چیمبر آف کامرس کو اعتماد میں لے تا کہ باہمی رضامندی اور مشاورت سے مسائل کا حل تلاش کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ چیمبر نے جن مسائل کی طرف نشاندہی کروائی ہے انہیں فوری حل کرانے کی یقین دہانی کرائی۔ علاوہ ازیں بزنس کمیونٹی کو جن اداروں کے ساتھ تحفظات ہیں ان کی الگ الگ میٹنگز رکھی جائیں گی تا کہ اس مشکل وقت میں کاروباری لوگوں کیلئے آسانیاں پیدا کی جا سکیں۔